BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

برامپٹن ٹرانزٹ میں کووِڈ-19 کا تصدیق شدہ کیس سامنے آنے کے حوالے سے سٹی آف برامپٹن کا بیان

برامپٹن، آن (24 جون 2020) – آج سٹی آف برامپٹن کو آگاہ کیا گیا کہ ہماری سینڈل ووڈ سہولت گاہ کے ایک ٹرانزٹ آپریٹر کا کرونا وائرس (کووِڈ-19) کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے۔

اس بارے میں جیسے ہی سٹی کو آگاہ کیا گیا، تو عملے نے فورًا پیل پبلک ہیلتھ سے رابطہ کر لیا۔

متاثرہ شخص نے آج صبح 502 زوم مین روٹ پر کام کیا اور گزشتہ روز، 23 جون کو درج ذیل روٹس پر کام کیا تھا:

- روٹ 502 زوم مین
- روٹ 511 زوم سٹیلیز
- روٹ 4 چنگواکوسی

آپریٹر 14 دن کے لیے خود ہی تنہائی میں رہے گا۔ ایسے وقت پر سٹی کی ترجیح اس شخص اور اس کے خاندان کو معاونت فراہم کرنا ہے اور اپنے ملازمین، گاہکوں اور کمیونٹی کی حفاظت و صحت کی حفاظت جاری رکھنا ہے۔

مندرجہ بالا دنوں میں زیر جائزہ بسوں پر سفر کرنے والے لوگوں کو، جنہیں کسی قسم کی علامات کا سامنا نہیں ہے، اپنے روزانہ کے معمولات جاری رکھنے چاہیں اور پبلک ہیلتھ کو کال نہیں کرنی چاہیے۔ ایسے لوگ، جن میں علامات سامنے آتی ہیں، ان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ پبلک ہیلتھ کو کال کریں۔ اگر آپ کو ہنگامی طبی معاونت درکار ہو، تو براہ کرم 911 پر کال کریں۔

پیل پبلک ہیلتھ کا کہنا ہے کہ پبلک ٹرانزٹ بس پر اس سے زیادہ کوئی خطرہ نہیں ہو گا، جو عام کمیونٹی میں ہوتا ہے۔

پچھلے مہینے، سٹی آف برامپٹن نے تمام ملازمین کو اپنی مقامی ہیلتھ یونٹ سے کووڈ-19 کا ٹیسٹ کروانے کا کہا تھا۔ یہ گزارش حکومت اونٹاریو کی جانب سے ٹیسٹنگ کی اضافی گنجائش فراہم کرنے اور ٹیسٹ کی درخواست کرنے والے ہر شخص کا ٹیسٹ کرنے کے فیصلے کے بعد کی گئی۔

آنے والے ہفتوں میں، برامپٹن ٹرانزٹ اپنی سہولت گاہوں میں موقع پر ٹیسٹ کرنے کی سہولت فراہم کرے گا اور تمام ملازمین کے لیے فعال ٹیسٹنگ کی حوصلہ افزائی کرنا جاری رکھے گا۔

جبکہ سٹی بتدریج کُھل رہا ہے، ملازمین، صارفین اور کمیونٹی کو کووِڈ-19 کے پھیلاؤ سے بچانے کے لیے ہر ضروری قدم اٹھا جا رہا ہے۔

برامپٹن ٹرانزٹ کے لیے صفائی اور جراثیم سے پاک کرنے کی اضافہ شدہ کاروائیاں بدستور جاری رہیں گی۔ برامپٹن ٹرانزٹ نے تمام ٹھوس سطحوں، آپریٹر کے کمپارٹمنٹس اور سیٹوں کو ہر 48 گھنٹے کے بعد جراثیم سے پاک کرنے کا ہدف مقرر کیا ہوا ہے۔ اس وقت، بسوں کو ہر 24 گھنٹے کے بعد جراثیم سے پاک کیا جا رہا ہے۔ سہولت گاہوں اور ٹرمینل کے لنچ رومز، میزوں، کاؤنٹرز اور دورازے کے ہینڈلز کو دن میں دو مرتبہ صاف اور جراثیم سے پاک کیا جاتا ہے۔

پیل پبلک ہیلتھ کی جانب سے رہنمائی کے ساتھ، سٹی آف برامپٹن تمام لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ غیر طبی ماسکس پہنیں، خصوصًا ایسی جگہوں پر، جہاں جسمانی فاصلہ بندی مشکل ہو۔ جہاں ممکن ہو، سٹی مسافروں پر زور دیتا ہے کہ وہ ٹرمینلز اور بس اسٹاپس پر ایک دوسرے سے کم از کم دو میٹر (چھ فٹ) کا فاصلہ برقرار رکھیں، بے شک آپ نے ماسک پہنا ہوا ہو۔ سواریوں کو اس بات کی یاددہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ سفر کرتے ہوئے اپنی ذاتی جراثیم کش، مثلاً ہینڈ سینیٹائزر یا وائپس اپنے ساتھ رکھیں، کثرت سے اپنے ہاتھ دھوئیں اور اپنی کہنی میں کھانسیں یا چھینکیں۔

بروز جمعرات، 2 جولائی سے شروع کرتے ہوئے، کرایہ کی ادائیگی اور اگلے دروازے سے مسافروں کے داخلے کا دوبارہ سے آغاز کر دیا جائے گا۔ پیل پبلک ہیلتھ اور حکومت اونٹاریو کی جانب سے نقل و حمل کی عوامی سہولیات میں ماسک پہننے کی پر زور سفارش کے بعد، کووِڈ-19 کے پھلاؤ کو روکنے میں مدد دینے کے لیے برامپٹن ٹرانزٹ کے مسافروں اور آپریٹرز کے لیے 2 جولائی سے بسوں میں اور ٹرمینلز پر نان میڈیکل ماسک پہننا لازمی ہو گا۔

جبکہ ماسک لازمی ہیں، کم عمر بچے یا ایسی معذوریوں یا دیگر طبی مسائل، جو انہیں ماسک پہننے سے روکتے ہیں، کے حامل لوگوں کے لیے یہ ضروری نہیں ہو گا۔

خطرے پر گہری نظر رکھنے کے لیے سٹی آف برامپٹن اپنے شراکت داروں پیل پبلک ہیلتھ اور برامپٹن ایمرجینسی منیجمنٹ آفس کے ساتھ قریبی طور پر اور مل جل کر کام کر رہا ہے۔ باقاعدہ اپ ڈیٹس کے لیے www.brampton.ca/COVID19 ملاحظہ کریں اور سروس اپ ڈیٹس کے لیے www.bramptontransit.com پر جائیں یا Twitter پر bramptontransit@ کو فالو کریں۔ کسی قسم کے سوالات برامپٹن ٹرانزٹ کے کنٹیکٹ سنٹر سے 905.874.2999 پر پوچھے جا سکتے ہیں۔

30--

میڈیا کنٹیکٹ

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca